SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

May 4, 2017

For immediate release

اپریل میں ایس ای سی پی نے ۸۸۴ نئی کمپنیاں رجسٹر کیں

اسلام آباد، ۴ مئی ۲۰۱۷: اپریل کے مہینے میں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان (ایس ای سی پی) نے آٹھ سو چوراسی نئی کمپنیاں رجسٹر کیں جو ایک ریکارڈ ہے۔ گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں چالیس فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

موجودہ مالی سال کے ابتدائی دس ماہ کے دوران مجموعی طور پر چھ ہزار سات سو تریسٹھ نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ گزشتہ سال کی اسی مدت کے ساتھ موازنہ کیا جائے تو کمپنیوں کی رجسٹریشن میں چونتیس فیصد اضافہ دیکھا گیا ہے۔ کمپنیوں کی رجسٹریشن میں یہ نمایاں اضافہ ایس ای سی پی کی جانب سے متعارف کروائی گئی اصلاحات خاص طور پر فریقِ ثالث سے ڈیجیٹل دستخط خریدنے کی شرط کے خاتمے اور کمپنی کی انکارپوریشن اور بعد از انکارپوریشن سرگرمیوں کے لئے قومی شناختی کارڈ پر مبنی یوزر آئی ڈی اور خفیہ شناختی علامت متعارف کروانے کا براہِ راست نتیجہ ہے۔

رجسٹر کروائی گئی کمپنیوں میں سے ستتر (۷۷) آن لائن سروسز کے ذریعے رجسٹر کروائی گئیں؛ ساٹھ فیصد کمپنیاں کنسلٹنٹس کی مدد سے جب کہ چالیس فیصد سی آر اوز کے انکارپوریشن وسہولیات ونگز کی مدد سے انکارپوریٹ کروائی گئیں۔

تقریباً پچاسی فیصد کمپنیاں بطورِ پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی رجسٹر کروائی گئیں جب کہ تیرہ فیصد کمپنیاں بطورِ یک رکنی کمپنی اور دو فیصد کمپنیاں پبلک اَن لسٹڈ، غیر منافع بخش انجمنوں، تجارتی تنظیموں اور غیر ملکی کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں۔

سب سے زیادہ ایک سو چھتیس کمپنیاں خدمات کے شعبے میں رجسٹر ہوئیں، جس کے بعد ٹریڈنگ میں ایک سو اٹھائیس، تعمیرات سے منسلکہ ایک سو چوبیس، آئی ٹی کی نواسی، سیاحت کی ستاون، تعلیم کے شعبہ میں پینتیس، فوڈ اور بیوریجز میں چوبیس، انجنئیرنگ کے شعبہ میں بائیس، رئیل سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی بیس، ٹرانسپورٹ اور فیول وانرجی میں انیس انیس، فارماسیوٹیکل اور کارپوریٹ ایگریکلچر فارمنگ

میں پندرہ پندرہ، پاور جنریشن اور آٹو سے جڑے شعبوں میں بارہ بارہ، کیبل، الیکٹرانک مصنوعات اور مواصلات سے منسلک گیارہ گیارہ کمپنیاں رجسٹر کی گئیں۔ جب کہ ایک سو پینتیس کمپنیاں دیگر مختلف شعبوں میں جبکہ چار غیر ملکی کمپنیاں لاہور اور کراچی میں رجسٹر ہوئیں۔

علاوہ ازیں ستاون کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان سرمایہ کاروں کا تعلق آسٹریلیا، چین، جرمنی، اٹلی، جاپان، اردن، جنوبی کوریا، کویت، نیدرلینڈز، ناروے، قطر، سعودی عرب، جنوبی افریقہ، امریکہ اور برطانیہ سے ہے۔

دسمبر میں سب سے زیادہ رجسٹریشن اسلام آباد کے کمپنی رجسٹریشن آفس میں ہوئی جہاں تین سو دس کمپنیاں رجسٹر کی گئیں جبکہ لاہور میں دو سو اٹھاون، کراچی میں ایک سو چھہتر، پشاور میں پچاس، ملتان میں اکتالیس، فیصل آباد میں اٹھارہ، کوئٹہ میں بارہ، سکھر میں چھ اور گلگت بلتستان میں تیرہ کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

ٹکرز:

اپریل میں ایس ای سی پی نے آٹھ سو چوراسی نئی کمپنیاں رجسٹر کیں۔

اسلام آباد کے کمپنی رجسٹریشن آفس میں تین سو دس، لاہور میں دو سو اٹھاون اور کراچی میں ایک سو چھہتر نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

خدمات کے شعبے میں ایک سو چھتیس، ٹریڈنگ میں ایک سو اٹھائیس، تعمیرات میں ایک سو چوبیس اور آئی ٹی میں نواسی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

ستاون کمپنیوں میں غیر ملکیوں نے سرمایہ کاری کی۔